اُردو (لازمی)	انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	پہلا گروپ
وقت: 20 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 20

نوٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیئے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے۔

1-1 سورج سے ۔۔۔ قسم کی لہریں نکلتی ہیں:

Ⓐ چھ Ⓑ آٹھ
Ⓒ تین Ⓓ بارہ

2- نواب محسن الملک نے ریاست ۔۔۔ کا بجٹ تیار کیا:

Ⓐ علی گڑھ Ⓑ حیدر آباد
Ⓒ لکھنؤ Ⓓ فتح پور

3- ''الفاروق'' کے مصنف ہیں:

Ⓐ سید سلیمان ندوی Ⓑ علامہ شبلی نعمانی
Ⓒ الطاف حسین حالی Ⓓ محمد حسین آزاد

4- ایوب موجود تھے تو اُن کی مثال ۔۔۔ کی تھی:

Ⓐ حسین فطرت Ⓑ عظیم شخصیت
Ⓒ مشفق ہستی Ⓓ نعائم فطرت

5- مسلمانوں کا نصب العین ہے:

Ⓐ سچ Ⓑ نیکی
Ⓒ اسلام Ⓓ اچھائی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

6- حق بات کہو ۔۔۔ ساری خدائی مخالف ہو جائے:

Ⓐ خواہ Ⓑ خواہ مخواہ
Ⓒ بلاوجہ Ⓓ بے وجہ

7- میاں بیوی ہنسی خوشی ۔۔۔

Ⓐ رہتی ہیں Ⓑ رہتی ہے
Ⓒ رہتا ہے Ⓓ رہتے ہیں

8- سبھی آئے ۔۔۔ وہ نہ آیا:

Ⓐ تب Ⓑ جب
Ⓒ مگر Ⓓ اگر

9- گھر عورت کی سلطنت ۔۔۔ ہے:

Ⓐ ہونے Ⓑ ہوتے
Ⓒ ہوتی Ⓓ ہوتا

10 احمد نے کرسی، میز اور پلنگ ۔۔۔

Ⓐ خریدا Ⓑ خریدے
Ⓒ خریدیں Ⓓ خریدی

رموزِ اوقاف کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

11 تفصیلیہ سے مراد ہے:

Ⓐ جملے کو مکمل کرنا Ⓑ وضاحت کرنا
Ⓒ جذبات کا اظہار کرنا Ⓓ غصے کا اظہار کرنا

12 کسی کو مخاطب کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے:

Ⓐ سوالیہ Ⓑ قوسین
Ⓒ ندائیہ Ⓓ رابطہ

13 خفقات کے درمیان علامت استعمال ہوتی ہے:

Ⓐ سوالیہ Ⓑ فجائیہ
Ⓒ سکتہ Ⓓ ختمہ

14 کسی جملے میں وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے:

Ⓐ رابطہ Ⓑ سکتہ
Ⓒ تفصیلیہ Ⓓ ختمہ

15 آپ کیا پسند کریں گے ۔۔۔ علامت استعمال ہوگی:

Ⓐ سوالیہ Ⓑ ندائیہ
Ⓒ سکتہ Ⓓ [illegible]

امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16 لگنا:

Ⓐ تیر نشانے پر جا لگا۔ Ⓑ فیصل شلوار قمیض میں اچھا لگتا ہے۔
Ⓒ شاگرد کو اُستاد کی بات بری لگی۔ Ⓓ میں کیسا لگ رہا ہوں۔

17 کرنا:

Ⓐ اپنا کام دیانت داری سے کرو۔ Ⓑ آمنہ نے سوال حل کر لیا۔
Ⓒ بھائی میں محنت کرتا۔ Ⓓ رات کو جلدی سویا کرو۔

18 دینا:

Ⓐ ذرا قلم دینا۔ Ⓑ [illegible]
Ⓒ وہ تمھیں کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔ Ⓓ میں نے احمد کو مضمون لکھ دیا ہے۔

19 رہنا:

Ⓐ امجد لاہور میں رہتا ہے۔ Ⓑ ہم اکثر یہاں آتے رہتے ہیں۔
Ⓒ اُسے آج یہاں رہنا ہے۔ Ⓓ تم یہاں رہو۔

20 رکھنا:

Ⓐ احمد نے روزہ رکھا۔ Ⓑ عابدہ نے آسمان سر پر اٹھا رکھا ہے۔
Ⓒ کتابیں الماری میں رکھو۔ Ⓓ یہاں کیا رکھا ہے۔

www.ilmkidunya.com

اُردو (لازمی)	انٹر پارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	پہلا گروپ
وقت: 2.40 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 80

(حصہ اوّل)

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,1,8

سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے　　خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اُس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی　　کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,3,3,3

عشرت قتل گہِ اہل تمنا مت پوچھ　　عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام　　آفاقِ تمنائے نشاط تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
عشرت پارۂ دل، زخم تمنا کھانا　　لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا

حصہ دوم

3- سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے:

1,1,3,10

(الف) ہاں تو ایسٹ ویسٹ سینٹر اور ہوائی کی یونیورسٹی میں یوں تو ارضی قربت ہے لیکن ازلی رقابت بھی ہے۔ کسی حد تک یہ رقابت صحت مند بھی ہے۔ امریکہ کے بہترین پروفیسر اور اعلیٰ ذہن سردی گرمی لیکچر کے لیے بلائے جاتے ہیں۔ طرح طرح کی نمائشیں، فلم، جشن منائے جاتے ہیں۔ اس کی جدید عمارات کے سامنے لمبی لمبی موٹریں جو آدھی طلبہ کی اور آدھی پروفیسروں کی ہوتی ہیں، امریکہ کی افراط کا صحیح ثبوت ہیں۔

(ب) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدرآباد میں ان کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبران کا لوہا مان گئے تھے۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) پہلی فتح۔　　(ب) ایوب عباسی۔

5- نظم "کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) محنت کی عظمت۔　　(ب) میری پسندیدہ کتاب قرآن مجید

(ج) مسئلہ فلسطین۔

7- ایک پھٹے پرانے جوتے کی آپ بیتی دلچسپ انداز میں تحریر کیجیے۔ 10

www.ilmkidunya.com